
ملفوظات



مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلیٰ۔
شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

ملفوظات

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران
بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم
فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب .... ملفوظات

مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

سرورق .... امر شاہد

مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم

ہدیہ .... -/[redacted] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم وعرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم واَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

ان سے علیحدہ ہو اور جب بھلائی کریں۔ تو ان کے شریک ہو۔

عرض: حضور اگر صاحب سجادہ بدمذہب ہو۔

ارشاد: اگر آپ صاحب سجادہ کے پاس جانا چاہتے ہیں تو نہ جایئے اور صاحب مزار کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتے ہیں تو جایئے۔

عرض: حضور بعض احادیث میں یہ واقعہ آتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم ہوا کہ جاؤ ہمارا ایک بندہ فلاں پہاڑ پر ہے اس سے علم حاصل کرو یہ واقعہ توریت مقدس میں سے پہلے کا ہے یا بعد کا۔

ارشاد: توریت مقدس سے بہت بیشتر[1] کا واقعہ ہے۔

عرض: اگر اس کو توریت مقدس سے بعد کا مانا جائے تو یہ اعتراض لازم آئے گا کہ توریت کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ تَمَامًا عَلَی الَّذِیْٓ اَحْسَنَ وَ تَفْصِیْلًا لِّکُلِّ شَیْءٍ وَّ ھُدًی وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ o

جب توریت تفصیل کل شے ہے تو دوسرے سے علم حاصل کرنے کی کیا ضرورت۔

ارشاد: کوئی اعتراض نہیں توریت کا تفصیل کل شی ہونا فرمایا ہے اس تفصیل کا باقی رہنا کہیں نہیں فرمایا، موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جب توریت لے کر آئے یہاں دیکھا کہ لوگ گؤسالہ کے آگے سجدہ کرتے اور اس کی پرستش کرتے ہیں۔ آپ کی شان جلال کی یہ حالت تھی کہ جس وقت جلال طاری ہوتا۔ آدھ گز آگ کا شعلہ کلاہ مبارک سے اوپر کو اٹھتا جلال میں آکر الواح توریت پھینک دیں، وہ ٹوٹ گئیں، امام مجاہد تلمیذ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے وہ فرماتے ہیں۔ کہ تفصیل کل شی اڑ گئی صرف احکام باقی رہ گئے۔

---

[1] میرے خیال میں بیشتر کی جگہ بعد ہونا چاہئے جیسا کہ صحیح بخاری شریف کی حدیث انکم علی علمکم اللہ لا اعلمہ سے اس کی طرف اشارہ ہے نیز قام موسیٰ خطیبا فی بنی اسرائیل بھی اسی کو چاہتا ہے۔۱۲

ف: اس کی تحقیق کہ توریت تفصیل کل شے نہ ہے۔